© rasailojaraid.com



# گلدستہ اخبار

—— ۲۶-۲۷-۲۸- دسمبر کو قادیان میں مرزائی جماعت کا سالانہ جلسہ ہوا۔

—— خلیفہ قادیان وسط دسمبر میں کچھ بیمار رہے۔

—— خواجہ کمال الدین صاحب لاہوری احمدی جو کئی سال سے بیمار رہتے تھے ۲۸ دسمبر کو فوت ہوگئے۔ آخری دم تک فدا مرزا رہے۔ (افسوس)

—— گرو دیو مندر (مدراس) میں اچھوتوں کو آج (۲۹- دسمبر) تک داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔ گاندھی جی نے بھی اعلان کیا ہوا ہے کہ اگر اس مندر میں اچھوتوں کو داخل نہ ہونے دیا تو میں ۲- جنوری سے پھر برت رکھنا شروع کردونگا۔

—— افواہ ہے کہ ہندوستان اور جاپان کے درمیان شروع جنوری سے وائرلیس (بے تار برقی) کا سلسلہ براہ راست شروع ہو جائیگا۔

—— شاہ ایران نے اپنے وزیر تیمور (مسولینی) کو برطرف کر دیا ہے۔ شاہ موصوف کو اینگلو پرشین کمپنی کے متعلق ان کی پالیسی سے اتفاق نہیں تھا۔

—— افواہ ہے کہ گورنمنٹ سروس کے اعلےٰ افسروں کی تنخواہوں میں مزید تخفیف کیجائیگی۔

—— گول میز کانفرنس (لنڈن) ختم ہوگئی ہے۔

—— لورپول میں ایک لڑکی سے شادی کرنے کے لئے ایک ہزار اشخاص نے درخواستیں کیں جن میں ایک شہزادہ بھی تھا۔ مگر اس لڑکی نے ایک سکول ماسٹر کو منتخب کیا۔

---

**بہی خواہان "مرقع قادیانی"** اگر اسے قائم رکھنا چاہتے ہیں تو اس کی توسیع اشاعت میں کوشش کریں۔ کیونکہ تاحال خریداری ناکافی ہے۔

**شکریہ** بابو نذیر احمد صاحب بہاولپوری نے پانچ خریدار اور مولوی محمد امین صاحب امرتسری و ایم محمد صدیق محمد عتیق آگرہ نے ایک ایک خریدار مرقع قادیانی کے بنائے۔ ان اصحاب کا شکریہ ہے۔ جزاھم اللہ۔

**مرقع قادیانی کی گذشتہ جلد مکمل** بارہ پرچے قیمت عمر محصولڈاک بذمہ خریدار ہے۔

© rasailojaraid.com